Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 | جمعرات، 17 جولائی 2025ء، 21 محرم الحرام 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 114

خیبر پختونخوا کے عوام اب مریم نواز جیسے متحرک اور وژنری وزیراعلیٰ کے منتظر ہیں، عظمیٰ بخاری

خیبر پختونخوا میں اربوں کے اسکینڈلز روز کا معمول بن چکے، عوام گنڈا پور کی کارکردگی سے سخت مایوس ہیں، جیل میں سہولیات کا شور مچانے والوں کو اپنا بادرچی، مخصوص مینو اور ورزش کی سہولت دستیاب ہے

بزدی پارٹی کے بانی اس قدر بے بس ہو چکے ہیں کہ اب وہ اپنے ہی نوٹیف کی ری نوٹیف کے لیے منتیں کرتے نظر آتے ہیں، سلمان اکرم راجہ کی عالیہ حمزہ کے بارے گفتگو کا انداز سخت گیر قناعیدار جیسا تھا، وزیر اطلاعات کی پریس کانفرنس

لاہور: وزیر اطلاعات وثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری ڈی جی پی آر میں پریس کانفرنس کر رہی ہیں۔

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ جیل میں سہولیات کا شور مچانے والے درحقیقت غیر معمولی آسائشوں سے لطف اندوز ہو رہے ہیں، جہاں ان کے لیے علیحدہ باورچی، مخصوص مینو اور روزانہ کی ورزش جیسی سہولیات میسر ہیں، بزدی پارٹی کے بانی اس قدر بے بس ہو چکے ہیں کہ اب وہ اپنے ہی نوٹیف کی ری نوٹیف کے لیے منتیں کرتے نظر آتے ہیں، (بقیہ نمبر 9)

ہر دو ماہ بعد وزارتوں کی کارکردگی کو جانچا جائے گا

اچھی کارکردگی پر شاباش، خراب پر تادیبی کارروائی ہو گی، وزیراعظم

اسٹاک ایکسچینج انڈیکس کی بلند ترین سطح سرمایہ کاروں کے اعتماد کا مظہر ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اسٹاک ایکسچینج انڈیکس تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچنے کو سرمایہ کاروں کے اعتماد کا مظہر قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ معاشی ترقی کیلئے ہم سب مل کر جو کاوشیں کر رہے ہیں وہ رنگ لائیں گی، ہر دو ماہ بعد (بقیہ نمبر 4)

نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 2 پولیس اہلکار جاں بحق

پولیس کی جوابی فائرنگ کے نتیجے میں ایک دہشت گرد ہلاک اور دو زخمی ہو گئے

ڈیرہ اسماعیل خان (این این آئی) ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے کلاچی میں پاڈگاں چوکی کے قریب شمبو انہبند ستان کے دہشتگردوں کی فائرنگ سے دو پولیس اہلکار شہید ہو گئے۔ پولیس اہلکاروں کو فائرنگ کر کے شہید کرنے (بقیہ نمبر 7)

عمران خان اور غلام سرور نے پی آئی اے کو قبرستان بنایا

پابندی کے خاتمے سے خاص طور پر برطانیہ میں مقیم پاکستانیوں کو سہولت حاصل ہوگی، وزیر دفاع

اسلام آباد (این این آئیف) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ سابق وزیراعظم عمران خان اور سابق وزیر ہوا بازی غلام سرور خان کے غیر ذمہ دارانہ فیصلوں نے قومی ادارہ پی آئی اے کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا، (بقیہ نمبر 6)

پہلی ای ٹیکسی سروس شروع کرنے کا منصوبہ تیار

پہلے مرحلے میں 1100 الیکٹرک گاڑیاں بلاسود آسان اقساط پر فراہم کی جائیں گی، وزیر ٹرانسپورٹ

لاہور (این این آئی) وزیر ٹرانسپورٹ ایڈمنسٹریٹر بلال اجالا نے منعقد ہوا جس میں ٹرانسپورٹ، پیکا، ٹیکسی اور ایکسائز اکبر خان کے زیر صدارت ٹرانسپورٹ ہاؤس میں ٹیکسی کمیٹی کا ایجنڈا ٹیکسیوں اور پیک آف پنجاب (بقیہ نمبر 5)

66 شہروں میں ترقیاتی پراجیکٹس شروع کرنے کا فیصلہ، 189 شہروں کو خوبصورت اور ترقی یافتہ بنائیں گے

کوئی شہر ترقی سے محروم نہیں، یہ کام مریم نواز

وزیراعلیٰ مریم نواز کی زیر صدارت اجلاس، لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام اور پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام پر پیشرفت کا جائزہ 189 شہروں کی تعمیر و مرمت اور سالمی کے پراجیکٹس پر رپورٹ پیش، نوتعمیر شدہ روڈز اور سٹریٹ کی پیوٹلیشن کرنے کی ہدایت

لاہور ڈویلپمنٹ پلان کے تحت ان کی نومبر 2025ء میں تکمیل کا ہدف، تحریک ڈویلپمنٹ کے 2593 پراجیکٹ مکمل کر لئے، برطانک 189 شہروں کو خوبصورت اور ترقی یافتہ بنائیں گے، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (این ای ایس) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام اور پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام پر پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ ڈی جی کمشنر لاہور نے لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت ان کی 5643 پراجیکٹ میں سے 2593 پراجیکٹ مکمل ہو چکے ہیں۔ لاہور میٹروپولیٹن کارپوریشن کی 3705 میں سے 2274 منصوبے (بقیہ نمبر 10)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام اور پنجاب ڈویلپمنٹ پلان پر پیش رفت کا جائزہ لینے سے متعلق خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

سی ڈی اے کے کمرشل پلاٹس کی نیلامی کا ریکارڈ 8 پلاٹس 19.03 ارب میں ریکارڈ نیلامی

کمرشل پلاٹس کے نیلام عام میں سرمایہ کاروں نے بھرپور شرکت کے ساتھ مختلف پلاٹس کی خریداری میں دلچسپی کا اظہار کیا

نیلام عام کے دوسرے دن پلاٹ نمبر 20 پٹرول پمپ کیٹگری کی آئی چودہ مرکز میں واقع 1.64 ارب میں نیلام کیا گیا

کمرشل پلاٹس اور بلیو ایریا کے پارکنگ پلازہ کی دکانوں کا شاندار نیلام عام 17 جولائی تک جاری رہے گا

چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا نے سرمایہ کاروں اور بزنس کمیونٹی کی آگاہی کیلئے سی ڈی اے نے انویسٹمنٹ ایکسپو کا جناح کنونشن سینٹر کا دورہ کیا

چیئرمین سی ڈی اے وچیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کمرشل پلاٹس کی نیلامی کے عمل کی نگرانی کر رہے ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) سی ڈی اے کے کمرشل پلاٹوں کا تاریخی اور کامیاب نیلام عام کا دوسرا روز جناح کنونشن سینٹر اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ چیئرمین سی ڈی اے وچیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا نے اسلام آباد میں کمرشل پلاٹس کی نیلامی کے عمل کی ذاتی طور پر نگرانی کر رہے ہیں۔ کمرشل پلاٹس کے نیلام عام میں سرمایہ کاروں نے بھرپور شرکت کے ساتھ مختلف پلاٹس کی خریداری میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ نیلام عام میں اب تک 8 (بقیہ نمبر 2)

ایران عراق کے مقدس مقامات کی زیارات کا نیا مربوط نظام لا رہے ہیں، سردار محمد یوسف

40 ہزار پاکستانی زائرین عراق، شام اور ایران میں جا کر وہیں رک گئے یا غائب ہو گئے، سردار یوسف

رواں سال نجی حج اسکیم کے 63 ہزار عازمین مکمل ادائیگاں نہ کرنے کی وجہ سے حج پر روانہ نہیں ہو سکے،

پرانا نظام جلد ختم ہو گا، خواجہ سلمان رفیق، سندھ کیپنیاں وزارت کے ساتھ فوری رجسٹر ہوں: وزیر مذہبی امور کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ایران، عراق کے مقدس مقامات کی زیارات کا نیا مربوط نظام لا رہے ہیں۔ پرانا نظام جلد ختم ہو جائے گا۔ خواجہ سلمان رفیق نے ایک پریس کانفرنس کے خطاب کے دوران منڈ کمپنیاں وزارت کے ساتھ فوری رجسٹر ہوں ۔ یہ بات وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے ایک پریس کانفرنس سے خطاب کے دوران کہی۔ ان کا کہنا تھا کہ وفاقی کابینہ نے ٹرائزن گروپ آرگنائزرز (ZGOs) کا نیا نظام منظور کیا تھا جس (بقیہ نمبر 3)

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق فیصل آباد انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں بزرگ مریضہ سے طبی سہولیات کے معیار بارے دریافت کر رہے ہیں۔

عارضہ قلب کے دو ہسپتالوں پر اسپیشلائزڈ انسٹی ٹیوشن ایکٹ لاگو

لاہور (این این آئی) پنجاب میں عارضہ قلب کے دو ہسپتالوں پر اسپیشلائزڈ انسٹی ٹیوشن ایکٹ لاگو کر دیا گیا، ڈاکٹرز اور عملے کو سرکاری ملازم کا درجہ حاصل نہیں ہوگا۔ جناح انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی اور نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی سرگودھا پر میڈیکل انسٹی ٹیوشن ایکٹ نافذ کر دیا گیا۔ (بقیہ نمبر 8)

ڈسٹرکٹ شاہدرہ میں صفائی نہ ہونے سے بڑا سانحہ رونما ہونے کا خطرہ

مرکزی نالے کی انتظامیہ کی عدم توجہی کا شکار، نالے کی صفائی نہ ہونے سے سیلاب کا خطرہ کسی بھی طرح کے نقصان کی ذمہ داری انتظامیہ پر عائد ہوگی

علاقہ مکینوں نے ڈی ایم پنجاب مریم نواز سے نوٹس لینے اور فٹلی و مقامی انتظامیہ سے فوری صفائی کروانے کا مطالبہ کیا ہے

کوجران (فرخندہ) انتظامیہ کی عدم دلچسپی کی بنا پر شہر کے وسط ڈھوک شاہ دان، منصول روڈ، محلہ حافظ آباد کے گزرنے والا مین نالہ جو کچرے اور مٹی کی وجہ سے اٹ چکا ہے جسکی بابت علاقہ مکینوں کی جانب سے سوشل میڈیا اور مقامی صحافیوں کی جانب سے شہریوں کے درینہ مسئلے کو سوشل و پرنٹ میڈیا پر ہائی لائٹ کیا گیا مگر انتظامیہ کی عدم توجہی کے سبب اس کی صفائی نہ ہو سکی زیر نظر تصاویر میں (بقیہ نمبر 9)

برف خانہ کلیال میں جعلی بجلی میٹرز کا انکشاف

ایس ڈی او اڈیالہ کو شکایات کرنے والے شہری کو جان سے مارنے کی دھمکیاں

شہری نے ایف آئی اے راولپنڈی سے کارروائی اور تحفظ کی اپیل کر دی

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) سب ڈویژن اڈیالہ کے علاقے کلیال روڈ برف خانہ چوک میں جعلی بجلی میٹرز لگانے کا انکشاف ہوا ہے، تفصیلات کے مطابق (بقیہ نمبر 2)

فیکٹریوں کا، پبلک ٹرانسفارمر سے بجلی حاصل کرنے کا انکشاف

متعلقہ افسران کی مسلسل خاموشی سے شہریوں میں تشویش پائی جاتی ہے

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) اڈیالہ روڈ براچ ایند ایڈیشنل میں جدید شیشہ کے ذریعے بھاری کمرشل کام جاری (بقیہ نمبر 3)

کندھ کوٹ، گیس لائن کے کام کی وجہ سے سڑکیں تباہ

مرمتی کام یا صفائی ستھرائی کے لیے کوئی عملہ نظر نہیں آتا، حکام ٹوٹس لیں

کشمور (سید رشید احمد شاہ) خبریں، کندھ کوٹ میں گیس لائن کے کام کی وجہ سے سڑکیں تباہ، شہری پریشان۔ تفصیل کے مطابق شہر میں گیس پائپ لائن بچھانے کے جاری کام کے دوران سڑکوں کو شدید نقصان پہنچایا ہے، جس کی وجہ سے علاقہ گڑھے کا روپ (بقیہ نمبر 4)

ای او بی آئی پنشنرز کی پنشن میں 15 فیصد اضافے کی منظوری

وزیراعظم کی محرم الحرام کی مجالس کے پرامن انعقاد پر پوری پاکستان قوم، چاروں صوبوں کے وزرائے اعلیٰ اور وزیر داخلہ محسن کو مبارکباد

ہمارے کابینہ کو ڈیڑھ سال کا عرصہ گزر گیا ہے، اب ہر ماہ بعد وزارت کی کارکردگی کو جانچیں گے، اچھے نتائج پر شاباش دیں گے، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ نے ای او بی آئی پنشنرز کی پنشن میں 15 فیصد اضافے کی منظوری دے دی، اضافے کا اطلاق یکم جنوری 2025ء سے کیا جائے گا۔ وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کے اجلاس میں اہم سیاسی اور اقتصادی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم محرم الحرام کی مجالس کے پرامن انعقاد پر پوری پاکستانی قوم، چاروں صوبوں کے وزرائے اعلیٰ اور وزیر داخلہ محسن کو مبارکباد دی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ ای او بی آئی پنشنرز کی پنشن میں 15 فیصد اضافے کی منظوری دے دی، اضافے کا اطلاق یکم جنوری (بقیہ نمبر 1)

سی ایم پنجاب کے ویژن کے مطابق لائسنسنگ موبائل وین کو کوتر یلہ بھیجا گیا

سابق چیئرمین وی کوتر یلہ راجہ امیر کاظم اور اہالیان علاقہ نے سی ٹی او راولپنڈی بینش فاطمہ انچارج انسپکٹر عابد سلیم کا شکریہ ادا کیا

سابق چیئرمین کی کاوش سے موبائل وین کوتر یلہ آئی جو لوگ بوجہ مجبوری گوجر خان پہنچ نہیں سکتے تھے لائسنس کی سہولت سے مستفید ہوئے

گوجر خان (قمر شہزاد) سی ایم پنجاب مریم نواز کے ویژن اور آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے احکامات پر عملدرآمد کرتے ہوئے سی ٹی او راولپنڈی بینش فاطمہ کی ہدایات پر لائسنسنگ موبائل وین سابق چیئرمین کوتر یلہ کی خصوصی کاوش سے آج یونین کونسل میں لگی راولپنڈی بینش فاطمہ کی ہدایات پر لائسنسنگ موبائل وین سابق چیئرمین کوتر یلہ کی خصوصی کاوش سے آج یونین کونسل میں لگی جہاں پر شہریوں کو لائسنس بنوانے کی خدمات گھر کی دہلیز پر فراہم کی گئیں، جس پر اہالیان کوتر یلہ سابق چیئرمین راجہ امیر (بقیہ نمبر 5)

مون سون بارشوں سے بچوں خواتین سمیت 17 جاں بحق

چھتیں گرنے سے 3 افراد جاں بحق، فیصل آباد، چنیاٹ میں چھت گرنے سے ملبے تلے دب کر میاں بیوی جاں بحق

ٹھوکر نیاز بیگ مریدوال میں ایک ہی خاندان کے 5 افراد جاں بحق، 2 افراد زخمی، بدقسمت خاندان نے ایک ماہ قبل جگہ خرید کر کچا گھر بنایا تھا

رائیونڈ میں چھت گرنے سے 3 افراد جاں کی بازی ہار گئے، فیصل آباد، چنیاٹ میں چھت گرنے سے ملبے تلے دب کر میاں بیوی جاں بحق گئے۔ لاہور اور گردونواح میں رات بھر وقفے وقفے سے موسلا دھار بارش کا سلسلہ جاری رہا جس سے نشیبی علاقے (بقیہ نمبر 6)

اتحاد امت کانفرنس کی تیاریوں پر مشاورتی اجلاس وعشائیہ

19 جولائی کی کانفرنس کو مؤثر اور تاریخی بنانے کا عزم

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) اتحاد امت کانفرنس 2025 کے سلسلے میں راولپنڈی میں مشاورتی اجلاس وعشائیہ منعقد ہوا، جس میں محرم الحرام کے دوران قیام امن پر علمائے کرام اور سماجی شخصیات کی خدمات کو سراہا گیا۔ اجلاس میں رضا مصطفیٰ نورانی، عامر بشیر بٹ، سائیں اظہار ملک، جاوید انور شاہ (بقیہ نمبر 7)

لاہور: چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو سمارہ احمد سندس فاؤنڈیشن لاہور کے دورے کے موقع پر تھیلیسیمیا اور خون کی دیگر بیماریوں میں مبتلا بچوں میں تھائف تقسیم کر رہی ہیں۔

کندھ کوٹ، شہری 5 سال سے میٹھے پانی سے محروم

عوام کو فوری طور پر میٹھا پانی فراہم کیا جائے، حکام سے مطالبہ

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ: محکمہ صحت عامہ کی نالائقی کے باعث شہری 5 سال سے میٹھے پانی سے محروم، کندھ کوٹ میں محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی غفلت اور نالائقی کے باعث شہر کے ہزاروں مکین گزشتہ پانچ سالوں سے میٹھے پانی کے لیے پریشان ہیں۔ شہر کے مختلف علاقوں میں واٹر سپلائی سکیمیں غیر فعال ہیں جبکہ پائپ لائنیں خستہ حال ہیں، (بقیہ نمبر 8)

بہترین نتائج کی بنیاد پر آئیسکو ایک بار پھر سب سے آگے

لائن لاسز میں نمایاں کمی اور 100 فیصد ریکوری یقینی بنائی گئی

لائن لاسز میں کمی کے باعث 14 ارب 70 کروڑ روپے کی خطیر رقم کی بچت

آئیسکو چیئرمین کا ویژن پاکستان اور عوام کی خدمت ہے، چیئرمین ڈاکٹر طاہر مسعود

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) نے مالی سال 2024-2025 کے دوران بھی کارکردگی اور بہترین نتائج کی بنیاد پر خود کو پاور سیکٹر کی نمایاں ڈسٹری بیوشن کمپنی کے طور پر ثابت کیا ہے۔ مالی سال 2023-2024 کے اختتام پر 8.75 فیصد ٹرانسمیشن اور ڈسٹری بیوشن نقصانات کو مالی سال 2024-2025 کے اختتام پر 8.39 فیصد تک لایا گیا۔ بجلی واجبات کی وصولی جو مالی سال 2023-2024 کی 102.8 فیصد تھی اسے مالی سال 2024-2025 میں (بقیہ نمبر 19)

موسم برسات میں
جان و مال کے تحفظ کے لئے
احتیاط کریں

وزیراعلیٰ پنجاب
مریم نواز شریف
کی خصوصی ہدایات پر
Punjab Contingency
Plan 2025 کی تشکیل

عوام بھی اپنی ذمہ داری نبھائیں
- چھتوں کی صفائی، مرمت اور نکاسی آب کو یقینی بنائیں
- برساتی نالوں میں کوڑا کرکٹ ہرگز مت پھینکیں
- بارش کے کھڑے پانی، برساتی نالوں، نہروں اور دریاؤں میں نہانے سے گریز کریں
- زیر تعمیر اور پرانی عمارتوں کے ساتھ کھدائی ہرگز نہ کریں
- برسات میں بچوں کی نقل و حرکت پر کڑی نظر رکھیں
- بارش میں بھیگے ہوئے برقی آلات، کھمبوں اور زمین پر گری تاروں کے قریب ہرگز مت جائیں

شہری انتظامیہ سے تعاون کریں
دریاؤں اور نہروں میں نہانے پر دفعہ 144 کا نفاذ
ارن فلڈ ٹنک اور بیماری علاقوں کے رہائشی ٹفلیش فلڈ ٹنک سے بچنے کیلئے عبوری اقدامات پر عملدرآمد یقینی بنائیں

کسی بھی ہنگامی صورتحال میں ہیلپ لائن 1129 پر کال یا اپنے متعلقہ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آپریشن سنٹر سے رابطہ کریں

حکومتِ پنجاب
آپ کا تحفظ۔۔۔ ہماری ترجیح
SPL-1324

روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
ادارہ تحقیق، نشر و اشاعت
ایڈیٹر چیف محمد عثمان بیگ

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی کا قیام

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی (پیرا) کی لانچنگ کی تقریب سے خطاب میں کہا کہ ''پیرا'' ظلم کے خلاف مظلوم کیلئے ڈھال بنے گی۔ اسکے ذریعے قانون کے نفاذ سے پنجاب میں نیا دور شروع ہوگا۔ پیرا کا ہر افسر اور جوان مظلوم کا محافظ اور ظالم کیلئے دہشت کی علامت بنے گا۔ میری اور عوام کی نظر پیرا پر ہوگی اور پیرا کی نظر مہنگائی، ذخیرہ اندوزی اور تجاوزات پر ہوگی۔ پیرا کو اب عوام کا اعتماد جیتنا ہے۔ لوگ زندگی بھر کی کمائی سے زمین کا ایک ٹکڑا خریدتے ہیں، انہیں قبضہ مافیا سے بچانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سی ایم بننے پر ادراک ہوا کہ مہنگائی کنٹرول کرنے کیلئے پنجاب میں کوئی باقاعدہ ادارہ نہیں۔ پرائس کنٹرول مجسٹریٹ کیلئے کمشنر، ڈی سی اور ریونیو ڈیپارٹمنٹ کے پاس اختیارات تھے۔ کب تک انتظامیہ مہنگائی، مناپع خوری اور تجاوزات کے خاتمے کیلئے بھاگتی رہے گی۔ پرائس کنٹرول اور تجاوزات کی صورتحال کا حقیقت پسندانہ تجزیہ کر کے پیرا کے قیام کا فیصلہ کیا۔

اس میں کوئی دورائے نہیں کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے اپنے اقتدار کے پہلے ہی دن سے انتقامی سیاست کرنے یا سیاسی پوائنٹ سکورنگ کے بجائے سنجیدگی کے ساتھ عوام کی فلاح و بہبود کا بیڑہ اٹھایا جس میں وہ بتدریج کامیابیوں اور کامرانیوں کے جھنڈے گاڑتی نظر آرہی ہیں۔ وہ اس بات کو پیش نظر رکھے بغیر کہ کونسا حلقہ کس جماعت کا حامی ہے' بلا امتیاز اس حلقے کی ترقی اور اسکے عوام کی بہبود کیلئے کام کررہی ہیں۔ لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ انکے ترجیحی اقدامات کے باوجود کئی سرکاری اداروں اور شعبوں بالخصوص سرکاری ہسپتالوں میں غفلت برتی جارہی ہے جس کا اندازہ پاکپتن کے ایک سرکاری ہسپتال کی کارکردگی سے لگایا جاسکتا ہے' جس کا وزیراعلیٰ سخت نوٹس بھی لے چکی ہیں اور اس واقعہ کے بعد ایسے معاملات میں انکی ذاتی دلچسپی مزید بڑھ گئی ہے۔ مریم نواز شریف کے عوامی خدمات کے جہاں بہترین اقدامات سامنے آرہے ہیں' وہیں'' پیرا'' کا قیام ان کا ایک منفرد اور مؤثر اقدام ہے جو عوام کی فلاح و بہبود کیلئے ایک اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ انہوں نے پیرا کی صورت میں دادری کیلئے عام آدمی کو ایک بہترین پلیٹ فارم فراہم کیا ہے جس کی وزیراعلیٰ نے خود نگرانی کرنے کا عزم باندھا ہے۔ پیرا کے متعین شدہ پیمائشز پر پختگی سے کاربند رہ کر پیرا اتھارٹی عوام کا اعتماد جیت سکتی ہے۔

موسمیاتی و ماحولیاتی تبدیلی، قدرت اور ہم

گلشن راز
رازق محمود بھٹی

گزشتہ 20 سے 25 سال قبل کے دور کو نظر میں رکھ کر دیکھیں تو قدرت کے سکھر و نظام کے مطابق موسم بہار کا آغاز فروری کے ابتدا سے ہو جایا کرتا تھا پودوں، درختوں و کونپلیں نمایاں ہونا شروع ہو جاتی تھیں، گرمی کا موسم اپریل، مئی کا آغاز ستمبر میں ہو جاتا جبکہ اب موجودہ دور میں بہار مارچ کی 10 سے 15 تاریخ گرمی کی 15 سے 20 تاریخ تک شروع ہوتی ہے قدرت نے موسمیاتی تبدیلی کے اندر ڈیڑھ ماہ کا فرق پیدا کر دیا ہے قدرتی عوامل بھی کو مدنظر رکھنے کے ساتھ انسان کا ماحولیاتی تبدیلی میں خاطر خواہ عمل دخل ہے جس میں سب سے زیادہ ذمہ دار میں موجود قدرتی نظام میں تبدیلی لانا، جس میں زمین کے سٹریکچر یعنی ساخت کو تبدیل کرنا مثال کے طور پر غیر منصوبہ بندی کے زمین کا کٹا پھٹنی قدرتی ساخت میں تبدیلی۔ کچھ نظر خطہ پطھوہار کی زمین ساخت کو دیکھیں قدرتی زمین کا زیادہ حصہ اونچا نیچا، کٹا پھٹا، کھیت کھلیان، درخت، صاف پانی کے چشمے، ندی نالوں کے زخیرے، دریا، دلدز نشیب زمین، جڑی بوٹیاں، مختلف اقسام کے جانور، نباتات و حیوانات، حشرات وغیرہ اور خوبصورت قدرتی ماحول جو قدرتی اصولوں اور سائنی تقاضے پورے کرنے کا ذمہ دار تھا، بارشوں کا نہ رکنے والا سلسلہ، بہار کے دلکش مناظر، ہری فصلیں، جنگلات جن میں خصوصاً پیری کے درخت، جنگلی توت، شہ توت، انجیر، پھگواڑا، وغیرہ منصوبہ بندی کے باعث اور زمین کو زمین فروخت کر کے جلد امیر ہونے کی خاطر خواہش نے تمام نظام میں بگاڑ پیدا کر دیا جس کیوجہ سے آج شدید ماحولیاتی و موسمیاتی تبدیلی کا سامنا ہے تقریباً خطہ پطھوہار اور ملک میں زرعی زمین کو رہائشی سکیموں، ہاوسنگ سوسائیوں، کمرشل پلازوں، مارکیٹوں کی نظر کر دیا گیا ہے، ہر دو سے کمر، شادی ہالوں، پلازوں، دفاتر میں بڑے بڑے، پلازے، پلاٹس تقریباً ہر گاڑی میں AC کی موجودگی اور AC کے استعمال کے بعد اس کے گیس جو پطھوہار کو آلودہ کر رہا ہے، AC کے استعمال کے بعد اس کے گیس جو کہ باہر فضا میں تباہی پھیلا رہی ہے معلومات کے مطابق اسلام آباد میں 5 سے 7 لاکھ تک گاڑیاں روزانہ کی بنیاد پر داخل و خارج ہوتی ہیں جن کا پٹرول و AC کا استعمال فضاء کو آلودہ کر رہا ہے، AC کے استعمال نے فضاء میں زہریلے میٹھیکول لیول کی بھرمار کر دی ہے اور آکسیجن لیول کم ہو چکا ہے اور اب جہاں زمین کی ساخت کو بدلا کر دیا گیا اور ان کا یہ منصوبہ بندی کے زمین کا کٹا پھٹنی قدرتی ساخت میں تبدیلی۔ کچھ نظر خطہ پطھوہار کی زمین ساخت کو دیکھیں قدرتی زمین کا زیادہ حصہ اونچا نیچا، کٹا پھٹا، کھیت کھلیان، درخت، صاف پانی کے چشمے، ندی نالوں کے زخیرے، دریا، دلدز نشیب زمین، جڑی بوٹیاں، مختلف اقسام کے جانور، نباتات و حیوانات، حشرات وغیرہ اور خوبصورت قدرتی ماحول جو قدرتی اصولوں اور سائنی تقاضے پورے کرنے کا ذمہ دار تھا، بارشوں کا نہ رکنے والا سلسلہ، بہار کے دلکش مناظر، ہری فصلیں، جنگلات جن میں خصوصاً پیری کے درخت، جنگلی توت، شہ توت، انجیر، پھگواڑا، وغیرہ منصوبہ بندی کے باعث اور زمین کو زمین فروخت کر کے جلد امیر ہونے کی خاطر خواہش نے تمام نظام میں تبدیلی لانا، جس کیوجہ سے آج شدید ماحولیاتی و موسمیاتی تبدیلی کا سامنا ہے تقریباً خطہ پطھوہار اور ملک میں زرعی زمین کو رہائشی سکیموں، ہاوسنگ سوسائیوں، کمرشل پلازوں، مارکیٹوں کی نظر کر دیا گیا ہے، ہر دو سے کمر، شادی ہالوں، پلازوں، دفاتر میں بڑے بڑے، پلازے، پلاٹس تقریباً ہر گاڑی میں AC کی موجودگی اور AC کے استعمال کے بعد اس کے گیس جو پطھوہار کو آلودہ کر رہا ہے، AC کے استعمال نے فضاء میں زہریلے میٹھیکول لیول کی بھرمار کر دی ہے اور آکسیجن لیول کم ہو چکا ہے اور اب جہاں زمین کی ساخت کو بدلا کر دیا گیا ہے جس کی وجہ سے زمین سے گرین گیس کا نکلنا کم ہو چکا، جہاں زمین کی ساخت کی تھی وہاں

مسیحائے انسانیت

~فاطمہ سرور (ٹوبی شہر)

کھوکھلی دنیا میں ایسے کام کر جاتے ہیں جو جانے کے بعد بھی ان کے نام اعمال کو بھرتے رہتے ہیں۔ انہی ناموں میں ایک نام، انسانیت کے خادم اور مسیحائے انسانیت کا ہے بلکہ مرنے کے بعد بھی ان کا کام اس بھولنے نہیں دے رہا۔

جی ہاں ! مسیحائے انسانیت عبد الستار ایدھی صاحب جن کا نام بچے بوڑھے جوان اور لاوارث ہر ایک کی زبان پر ہوتا ہے۔ کچھ دن پہلے ان کا یوم وفات تھا۔ سوچا تھا ہزاروں لاکھوں کی تعداد میں ان کے نام کی تحریریں اخبارات کے صحہ بنیں گی۔ مگر افسوس جو قلم ایک عظیم سماجی شخصیت کو خراج پیش کرتا ہے وہ قلم آج خاموش ہے۔ اللہ ایدھی صاحب کی قبر کو پرنور کرے۔

عبد الستار ایدھی پاکستان کی ایک عظیم سماجی کارکن ہونے کے ساتھ ساتھ انسان دوست بھی تھے۔ آپ نے ساری زندگی انسانیت کی خدمت کے لئے وقف کر دی۔ ایدھی صاحب 1928 کو جونا گڑھ، انڈیا میں پیدا ہوئے اور 8 جولائی 2018 کو کراچی میں وفات پا گئے۔ آپ کے آنے سے انسانوں کو سکھ ملا اور جانے سے بہت سے انسان یتیم ہو گئے تھے۔ آپ پاکستان کے سب سے بڑے فلاحی ادارے ''ایدھی فاؤنڈیشن'' کے بانی تھے۔ انہوں نے 1951 میں چند روپیوں کے ذریعے ایک چھوٹی سے ڈسپنسری سے انسانیت کی خدمت کا آغاز کیا اور ان کا یہ چھوٹا سا ادارہ آج ایک بڑے فلاحی ادارے کا نام بنا۔

ایدھی فاؤنڈیشن کی بدولت آج ایدھی ایمبولینس سروس رضا کارانہ طور پر رواں دواں ہے۔ انہوں نے یتیم اور لاوارث بچوں کے لئے لنگر، جھولے، پناہ گاہیں اور ہسپتال بنائے ہوئے ہیں، لاوارث بزرگوں کو اپنی فاؤنڈیشن میں جگہ دی۔ لاوارث لاشوں کو دفنانے کی ذمہ داری بھی قبول کی۔ بلاشبہ وہ ایک محسن انسانیت تھے۔

آپ نے کبھی بھی کوئی سرکاری عہدہ قبول نہیں کیا۔ آپ کی زندگی سادہ، ایمانداری سے بھرپور اور لوگوں کی خدمت کے جذبے سے بھری ہوئی تھی۔ کبھی بھی آپ نے شہرت کی تمنا نہیں کی۔ بلکہ اللہ کی رضا کے لئے اس کے بندوں کی مدد کی۔ آپ محنت، خدمت، خلوص لے کر دار فانی سے کوچ کر گئے۔ ان کی خدمت ہمیں سبق سکھاتی ہے کہ ارادہ نیک ہو تو مسائل نہ بھی ہو تو راستے بن جاتے ہیں، کوئی منزل دور ہو جاتی ہیں۔ کیونکہ خدمت خلق ہی بہترین عبادت ہے۔

بھارتی آبی جارحیت کے خلاف مشترکہ سول وفوجی مؤقف

تحریر۔۔۔۔عبدالباسط علوی

پانی تک رسائی نہ صرف ایک بنیادی انسانی حق ہے بلکہ اقوام کے لیے ایک اسٹریٹجک ترجیح بھی ہے، خاص طور پر ان اقوام کے لیے جو حروب وسائل پر پروان چڑھیں اور آبی ذخائر کو اسٹریٹجک طور پر استعمال کرتی ہیں۔ موسمیاتی تبدیلی، بڑھتی ہوئی شہری مانگ اور آبادی میں اضافے سے آبی وسائل پر بڑھتا ہوا دباؤ بین الاقوامی قانون کو پہلے سے کہیں زیادہ اہم بنا رہا ہے۔

پانی پر تعاون کو فروغ دینے اور تنازعات کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے اقوام متحدہ نے مشترکہ آبی وسائل، جنہیں بین السرحدی پانی کہا جاتا ہے، کے انتظام کے لیے ایک قانونی اور ریگولیٹری فریم ورک قائم کیا گیا۔

بین السرحدی آبی وسائل سے مراد ایسے میٹھے پانی کے نظام ہیں، جیسے دریا، جھیلیں اور آبی ذخائر، جو ممالک کے درمیان سرحدوں کو عبور کرتے ہیں یا انہیں بناتے ہیں۔ اقوام متحدہ کے مطابق دنیا بھر میں 270 سے زیادہ مشترکہ دریائی بیسن اور 300 سے زیادہ بین السرحدی آبی ذخائر موجود ہیں۔ قابل ذکر مثالوں میں دریائے نیل (9 ممالک کے زیر استعمال)، دریائے ڈینیوب (9 ممالک)، دریائے میکانگ (6 ممالک) اور دریائے سندھ کا بیسن (بھارت اور پاکستان کے زیر استعمال) شامل ہیں۔ ان مشترکہ آبی ذخائر کا مؤثر اور منصفانہ انتظام، پائیدار رسائی کو یقینی بنانے کے لیے مضبوط قوانین پر مبنی فریم ورک کا تقاضا کرتا ہے۔

اقوام متحدہ کے قانونی نظلطر کا مرکز بین الاقوامی آبی آبزرگاہوں کے غیر ریگولیٹڈ استعمال سے متعلق 1997 کا کنونشن ہے، جسے عام طور پر اقوام متحدہ کے آبی گزرگاہ کنونشن کے نام سے جانا جاتا ہے۔ یہ معاہدہ بین الاقوامی آبی گزرگاہوں کے استعمال، انتظام اور تحفظ کے لیے جامع قانونی اصول فراہم کرتا ہے۔ یہ ایک آبی گزرگاہ کی وضاحت کرتا ہے جسے قانونی اور ریگولیٹری فریم ورک کے تحت استعمال کے لیے منظم کیا جا سکتا ہے۔ یہ معاہدہ بین الاقوامی آبی گزرگاہوں کے حق کو برقرار رکھتا ہے کہ وہ ان کے وسائل کا معقول اور مساوی حصہ حاصل کریں۔ اس کنونشن کا مقصد آبادی کی ضروریات، سماجی و اقتصادی تحفظات، آب و ہوا اور موجودہ استعمال کے نمونوں جیسے عوامل کو شامل کرتے ہوئے منصفانہ استعمال کا تعین کرنا ہے۔ یہ ایک آبی گزرگاہ کو منظم کرنے والے قانونی فریم ورک کے اندر ممالک

بقیہ 1

جو سیاست نہیں بلکہ عدل ہے اسی کی علامت ہے عقلی بنا ہی نے غیر پختونخوا کی صورتحال پر کہا کہ ہمارے ہاں ایک ایسا نظام ہے جس میں ہم اگلا روپے کے استعمال کو ختم کیسے کریں گے ہم اگلا کارکردگی سے ختم ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کے پی کے اعوام اب پختونخوا کے طرز پر مرکز کو اور تبدیلی کرنے کی ضرورت ہے۔ وزیر اعلیٰ کے پی کے خواہش ہیں کہ ہم اگلا کارکردگی کے ساتھ ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ کے پی کے اعوام اب پختونخوا کے طرز پر مرکز کو اور تبدیلی کرنے کی ضرورت ہے۔ وزیر اعلیٰ کے پی کے خواہش ہیں کہ ہم اگلا کارکردگی کے ساتھ ہوں گ

برطانیہ نے پاکستانی پروازوں پر عائد پابندی ختم کردی

تمام پاکستانی فضائی کمپنیاں برطانیہ کے لیے پروازوں کی اجازت حاصل کرنے کے لیے درخواست دے سکتی ہیں، برطانوی ہائی کمشنر

پاکستان کو برطانیہ کی ایئر سیفٹی فہرست سے نکال دیا گیا، وزیراعظم شہباز شریف کے پاکستانی ایئرلائنز پر برطانیہ میں پابندی کے خاتمے پر مبارکباد

لندن/اسلام آباد (این این آئی) برطانیہ نے پاکستانی ایئرلائنز پر عائد پابندیاں ختم کرنے کی تصدیق کی جس کی تصدیق برطانوی ہائی کمشنر نے کردی۔ برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ نے تصدیق کی ہے کہ پاکستان کو برطانیہ کی ایئر سیفٹی فہرست سے نکال دیا گیا ہے، اب تمام پاکستانی فضائی کمپنیاں برطانیہ کے لیے پروازوں کی اجازت حاصل کرنے کے لیے درخواست دے سکتی ہیں۔ برطانوی ہائی کمشنر کے مطابق برطانیہ کی ایئر سیفٹی کمیٹی نے پاکستان میں فضائی تحفظ کے نظام میں بہتری کے بعد پاکستانی فضائی کمپنیاں پر عائد پابندیاں (بقیہ نمبر 2 0)

ایف بی آر نے چینی کی درآمد پر سیلز ٹیکس ختم کردیا ہے

یہ سرکاری خزانے پر ڈاکا ہے اور کسی کو نوازنے کی کوشش ہے، ریاض فتیانہ

اسلام آباد (این این آئی) پیک اکانومکس کمیٹی (پی اے سی) کے چیئرمین ریاض فتیانہ نے کہا ہے کہ ایف بی آر نے چینی کی درآمد پر سیلز ٹیکس ختم کردیا ہے، یہ سرکاری خزانے پر ڈاکا ہے اور کسی کو نوازنے کی کوشش ہے۔ جنید اکبر خان کی زیر صدارت پارلیمنٹ کی پیک اکانومکس کمیٹی کا اجلاس ہوا۔ اجلاس کے دوران چیئرمین پی اے سی نے ہدایت کی کہ (بقیہ نمبر 2 1)

نارووال: بارش کے بعد موسم خوشگوار ہونے پر پنجیش اسٹیڈیم پارک میں بچوں کا تفریح بھی ہو رہی ہے۔

بانی پی ٹی آئی کے نام پر پروٹ ملے تھے،، جمشید دستی

پارٹی کیخلاف کوئی سودے بازی نہیں کروں گا، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) جمشید دستی نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کے نام پر پروٹ ملے تھے، پارٹی کیخلاف کوئی سودے بازی نہیں کروں گا۔ بااعلی کے معاملے پر جمشید دستی نے بتایا کہ پارٹی سے مشاورت کے لئے اسلام آباد جارہا ہوں، اس کے بعد اپیل کا فیصلہ کروں گا، مجھے معلوم تھا کہ الیکشن کمیشن کا نکتہ فیصلہ کریں ہوگا۔ جمشید دستی نے (بقیہ نمبر 2 4)

جیل سپرنٹنڈنٹ جھوٹے ہیں، میرا بھائی جھوٹ نہیں بولتا، علیمہ خان

بانی پی ٹی آئی کی زندگی خطرے میں ہے، ہم سپریم کورٹ میں جائیں گے

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے بانی کی بہن علیمہ خان نے کہا ہے کہ اخبارات اور ٹی وی بند کر کے عمران خان کو قید تنہائی میں ڈالا گیا ہے۔ جیل سپرنٹنڈنٹ جھوٹے ہیں، میرا بھائی جھوٹ نہیں بولتا۔ راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی کی عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کے دوران علیمہ خان نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی مشکل (بقیہ نمبر 2 6)

مریم نواز شریف لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام اور پنجاب ڈویلپمنٹ پلان پر پیش رفت کا جائزہ لینے سے متعلق خصوصی اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

مہنگائی شوگر مافیا کے خلاف ملک گیر احتجاج کا اعلان

مہنگی بجلی، چینی اور پٹرول کی قیمتوں میں ہوش ربا اضافہ کے خلاف جمعہ اور اتوار کو مظاہرے ہوں گے حافظ نعیم الرحمٰن

حقوق بلوچستان لانگ مارچ سے اظہار یکجہتی کرتے ہیں، کے پی میں قیام امن کے لیے قومی جرگہ تشکیل دیا جائے، پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے مہنگی بجلی، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہوش ربا اضافہ اور شوگر مافیا کے خلاف جمعہ 18 جولائی کو ملک گیر اور اتوار 20 جولائی کو ڈویژنل ہیڈکوارٹرز کی سطح پر احتجاجی مظاہروں کا اعلان کیا ہے۔ بدھ کو منصورہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے امیر جماعت نے کہا کہ ایسا نہ کھائی دینا ہے کہ شیر کے بھی چینی کھانا شروع (بقیہ نمبر 2 7)

اسلام آباد پولیس کے شہداء ہماری قوم کا فخر ہیں

سی پی او اسلام آباد کی شہید ہیڈ کانسٹیبل محمد قاسم کے اہلخانہ سے ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد نے اسلام آباد پولیس کے شہید ہیڈ کانسٹیبل محمد قاسم کے اہل خانہ سے ملاقات کی، انہوں نے تجویز دیافت کی، شہید کی بلندی درجات اور ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی۔ تصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی اخکامات کی روشنی میں چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کیپٹن (ر) سید ذیشان حیدر نے اسلام آباد پولیس کے شہید ہیڈ (بقیہ نمبر 2 8)

تھانہ شہزاد ٹاؤن اور انڈسٹریل ایریا کے علاقوں میں آپریشن

31 افراد 19 گھر 9 دوکانیں، 7 8 موٹر سائیکل 2 گاڑیوں کی چیکنگ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے تھانہ شہزاد ٹاؤن اور انڈسٹریل ایریا کے مختلف علاقوں میں گریڈ سرچ اینڈ کومبک آپریشن کے دوران 31 افراد 19 گھر، 39 دوکانیں، 87 موٹر سائیکلوں اور 21 گاڑیوں کی چیکنگ کی اور 8 مشتبہ افراد، 5 موٹر سائیکلوں کو تھانے منتقل کیا۔ تصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی اخکامات کی روشنی میں چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کیپٹن (ر) سید ذیشان حیدر نے اسلام آباد بلندی درجات اور ایصال ثواب کے لیے فاتحہ (بقیہ نمبر 3 0)

ڈی آئی جی، اے آئی جی انوسٹی گیشن کی کھلی کچہری

متعلقہ افسران کو درخواستوں پر دیئے گئے وقت میں کارروائی کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) ڈی آئی جی اسلام آباد اور اے آئی جی انوسٹی گیشن و شکایات نے کھلی کچہری میں شہریوں کی شکایات سنیں اور متعلقہ افسران کو درخواستوں پر دیئے گئے وقت میں قانو کارروائی کر کے رپورٹ کرنے کی ہدایت جاری کی۔ تصیلات کے مطابق ڈی آئی جی اسلام آباد اور اے آئی جی انوسٹی گیشن کی کھلی کچہری میں شہریوں کی شکایات سنیں اور متعلقہ افسران کو درخواستوں پر دیئے گئے وقت میں قانو کارروائی کر کے رپورٹ کرنے کی ہدایت جاری کی۔ تصیلات کے مطابق ڈی آئی جی اسلام آباد اور اے آئی جی انوسٹی گیشن کی کھلی کچہری میں شہریوں کی شکایات سنیں اور متعلقہ افسران کو درخواستوں پر دیئے گئے وقت میں قانو

فوری ضرورت

عوامی لکار

Daily Awami Lalkaar

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com

لاہور: سابق وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز شریف سے ڈیرہ غازی خان سے رکن پنجاب اسمبلی محمد احمد خان لغاری ملاقات کررہے ہیں

یوٹیوبر رجب بٹ ایک بار پھر بڑی مشکل میں پڑ گئے

رجب بٹ کیخلاف مقدمہ درج کرنے کیلئے عدالت میں درخواست دائر

لاہور (این این آئی) لاہور کی سیشن کورٹ میں مشہور یوٹیوبر رجب بٹ کے خلاف مقدمہ درج کرنے کی درخواست دائر کردی گئی۔ رپورٹ کے مطابق رجب بٹ کیخلاف درخواست شیری شہزادہ عدنان نے اپنے وکیل مدثر چوہدری کی وساطت سے دائر کی ہے۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا ہے کہ سوشل میڈیا کی وڈیو میں رجب بٹ نے صحابہ کی شان (بقیہ نمبر 3 3)

اشیاء کی قیمتوں پر قابو پانے کیلئے نئی وزارت تشکیل دینے کا فیصلہ

پرائس کنٹرول کونسل کے اختیارات میں تبدیلی کے لئے بل پنجاب اسمبلی میں پیش

لاہور (این این آئی) حکومت پنجاب نے اشیاء کی قیمتوں پر قابو پانے کے لئے نئی وزارت تشکیل دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ پرائس کنٹرول کونسل کے اختیارات میں تبدیلی کے لئے بل پنجاب اسمبلی میں پیش کردیا گیا، اس خواسے سے دی پنجاب پرائس کنٹرول آف اسٹیبل کموڈیٹیز (ترمیمی) بل 2025، پنجاب اسمبلی کے سالہ اجلاس میں پیش کیا گیا۔ ترمیمی بل کے تحت دی پنجاب پرائس کنٹرول آف اسٹیبل کموڈیٹیز ایکٹ 2024 میں (بقیہ نمبر 3 4)

حیدرآباد: طوفانی بارش کے بعد گھنٹیل چینگ کے سامنے گرنے والا درخت سڑک پر پڑا ہوا ہے جس کے باعث سڑک مکمل بند ہے

راولپنڈی، 4 ملزمان گرفتار، 4 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ملزمان گرفتار، 4 کلو سے زائد چرس برآمد کرلی۔ تصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 250 گرام چرس برآمد کی، روات پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 1 کلو 600 گرام چرس برآمد کی، صادق آباد پولیس نے دو ملزمان کو گرفتار کر کے (بقیہ نمبر 2 2)

راولپنڈی، ہنی ٹریپ کے ذریعے شہریوں کو لوٹنے والا جوڑا گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) ریس کورس پولیس نے ہنی ٹریپ کے ذریعے شہریوں کو لوٹنے والا جوڑا گرفتار کرلیا۔ تصیلات کے مطابق ریس کورس پولیس نے دو رکنی ہنی ٹریپ گینگ کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ہنی ٹریپ کے ذریعے شہریوں کو لوٹنے والے جوڑے کو گرفتار کرلیا، گرفتار جوڑا شہریوں کو ہنی ٹریپ کے بلانا اور ویڈیو بنا کر بلیک میلنگ کے ذریعے بھاری رقم وصول کرتا تھا۔ اس پی یو ظہیر بالدیو نے کہا کہ گرفتار جوڑے کے خلاف (بقیہ نمبر 3 3)

راولپنڈی، 8 ملزمان گرفتار اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 8 ملزمان گرفتار کر کے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 8 ملزمان گرفتار کر کے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا، گرفتار ملزمان کے خلاف کارروائیاں تھانہ چوہڑ والی، پنگلا، مورگاہ، صدر واہ، گوجر خان اور پکری کے علاقوں میں (بقیہ نمبر 2 5)

راولپنڈی، 7 ملزمان گرفتار، 50 لیٹر، 41 بوتل اور 10 عدد کچی شراب برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 7 ملزمان گرفتار کر کے 50 لیٹر، 41 بوتل اور 10 عدد کچی شراب برآمد کرلی۔ تصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 50 لیٹر شراب برآمد کی، روات پولیس نے دو ملزمان کو گرفتار کر کے 40 بوتل اور 10 کچی شراب برآمد کی، تھانہ سٹی پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 5 لیٹر شراب برآمد کی، بی پولیس نے ایک ملزم (بقیہ نمبر 2 9)

غریبوں کا چالان نہ کریں انہیں وارننگ دیں، علی امین گنڈاپور

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے کہا ہے کہ کسی کا شناختی سلائڈ نہ دیکھیں، میں نے آج تک کوئی سلائڈ نہیں دی، آپ میرٹ کو دیکھیں، کسی کا پریشر نہیں لینا ہم نے حساب دینا ہے، غریبوں کا چالان نہ کریں انہیں وارننگ دیں، پولیس کے حوالے سے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے علی امین گنڈاپور نے کہا کہ خیبر پختونخوا پولیس کی قربانیوں کی طویل فہرست ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس کا بجٹ (بقیہ نمبر 3 1)

پاکستان کے پہلے ڈور چوئل ویمن پولیس اسٹیشن کی ایک اور کامیابی

سیف سٹی آفیسر کی فوری کارروائی سے نابینا خاتون کی جان بچالی گئی، ترجمان

لاہور (این این آئی) پاکستان کے پہلے ڈور چوئل ویمن پولیس اسٹیشن کی ایک اور کامیابی، سیف سٹی آفیسر کی فوری کارروائی سے نابینا خاتون کی جان بچالی گئی۔ ترجمان سیف سٹی کے مطابق فیصل آباد سے خاتون نے 15 پر کال کر کے بتایا کہ وہ سخت ذہنی دباؤ کا شکار ہے۔ یہ خواتین ہائی کمشنر کے مطابق برطانیہ کی ایئر سیفٹی کمیٹی نے پاکستان میں فضائی تحفظ کے نظام میں بہتری کے بعد پاکستانی فضائی (بقیہ نمبر 2 0)

یوٹیوبر رجب بٹ ایک بار پھر بڑی مشکل میں پڑ گئے

رجب بٹ کیخلاف مقدمہ درج کرنے کیلئے عدالت میں درخواست دائر

لاہور (این این آئی) لاہور کی سیشن کورٹ میں مشہور یوٹیوبر رجب بٹ کے خلاف مقدمہ درج کرنے کی درخواست دائر کردی گئی۔ رپورٹ کے مطابق رجب بٹ کیخلاف درخواست شیری شہزادہ عدنان نے اپنے وکیل مدثر چوہدری کی وساطت سے دائر کی ہے۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا ہے کہ سوشل میڈیا کی وڈیو میں رجب بٹ نے صحابہ کی شان (بقیہ نمبر 3 3)

کھلیانی جھیل پھٹنے کے واقعات کا خطرہ بڑھ گیا، ڈی پی ایم اے

پشاور (این این آئی) صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (ڈی پی ایم اے) نے خبردار کیا ہے کہ خیبر پختونخوا کے کھلیانی علاقوں میں کھلیانی جھیل پھٹنے کے واقعات کا خطرہ بڑھ گیا ہے۔ پی ڈی ایم اے کے مطابق چترال اپر اور لوئر، دیر، سوات اور کوہستان کی سطحی اتکاسے کا ارلٹ جاری کردیا گیا ہے۔ ارلٹ میں پی ڈی ایم اے نے عوام کو مکمل چھلیانی کے پھٹنے سے متعلق ہوشیار رکھنے کی ہدایت کی ہے، صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے مطابق ضلعی (بقیہ نمبر 3 9)

افسران کے بیرون ملک جانے کیلئے چھٹی کی منظوری کا اختیار وزیراعلیٰ پنجاب نے خود سنبھال لیا

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بیرون ملک چھٹی کی منظوری کا اختیار خود سنبھال لیا۔ اس فیصلے کے تحت محکموں کے انتظامی سیکرٹریز کو افسران کی بیرون ملک رخصت کی منظوری کا اختیار سونپ کر دیا گیا ہے۔ محکمہ صحت کا تمام میڈیکل یونیورسٹیز، کالجز، ہسپتالوں کو مراسلہ جاری کردیا، ڈائرکٹر، نرسز، پیرامیڈیکس و دیگر ملازمین کی ایس (بقیہ نمبر 4 1)

کرکٹ اور فٹبال کے 10، 10 میدانوں کی نیلامی روک دی گئی

سابق چیئرمین میٹروپولیٹن کارپوریشن سردار مہتاب کی درخواست پر حکم امتناع جاری

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے شہر میں کرکٹ اور فٹبال کے 10، 10 میدانوں کی نیلامی روک دی۔ سابق چیئرمین میٹروپولیٹن کارپوریشن سردار مہتاب کی درخواست پر حکم امتناع جاری کردیا گیا ہے۔ سی ڈی اے نے کھیلوں کے میدان بچاں بچاں لاکھ روپے کے عوض نیلام کرنے کا اشتہار جاری کیا تھا۔ اسلام آباد (بقیہ نمبر 2 4)

ایس ایس پی آپریشنز کی سٹی زون کے افسران سے کرائم میٹنگ

راہزنی، چوری اور موٹر سائیکل و کار چوری کے مقدمات میں ملوث ملزمان کی گرفتاری اور برآمدگیوں کو یقینی بنائیں

منشیات فروشی، اسلحہ کی نمائش، مجرمان اشتہاری اور متحرک گینگز کیخلاف بلاتفریق کارروائیاں عمل میں لانے کی ہدایت

لاہور: صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ اینڈ سٹی ٹرانزٹ بلال اکبر خان پنجاب میں پبلک ای لیگیسی سروس منصوبے کے لیے منعقدہ سٹیرنگ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد محمد شعیب خان نے سٹی زون کے افسران سے کرائم کے حوالے سے اہم اجلاس کا انعقاد کیا، جس میں منشیات فروشی، اسلحہ کی نمائش، مجرمان اشتہاری اور متحرک گینگز کیخلاف بلاتفریق کارروائیاں عمل میں لانے اور گرفتار ملزمان کو قرار واقعی سزا دلوانے کیلئے ٹھوس شواہد روشنی میں چالان کرنے کی ہدایت کی۔ تصیلات کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد محمد شعیب خان کی زیر صدارت کرائم کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں ایس پی سٹی زون سلمان ظفر رضا، ڈی ایس پی سٹی زون سلمان ظفر رضا، ڈی ایس پی اور ایس ایچ او نے شرکت کی، ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد نے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ وہ (بقیہ نمبر 4 3)

حکومت کا پیٹرول اور ڈیزل پر پیٹرولیم لیوی برقرار رکھنے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) حکومت کی جانب سے پیٹرول اور ڈیزل پر پیٹرولیم لیوی برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق پیٹرول پر 75 روپے 52 پیسے فی لیٹر جبکہ ڈیزل پر 74 روپے 51 پیسے فی لیٹر پیٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی برقرار ہے۔

سرگودھا ضلعی ترقیاتی کمیٹی نے 17 مئی ترقیاتی تیکسوں کی منظوری دیدی

سرگودھا (این این آئی) ضلعی ترقیاتی کمیٹی نے 17 ترقیاتی تیکسوں کی منظوری دیتے ہوئے ان مضموں کی بروقت تحصیل اور عمل شفافیت پر زور دیا۔ زرائع کے مطابق ڈپٹی کمشنر وسیم کی زیر صدارت ضلعی ترقیاتی کمیٹی کے اجلاس میں 17 تیکسوں کی منظوری دے دی گئی۔ جن میں محکمہ پانی و سے کی ایک، لوکل گورنمنٹ کی 13، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی دو اور تکیم و طبی کی ایک تیکس کا مقصد شہری بنیادی ڈھانچے کو (بقیہ نمبر 4 6)

پاکستان میں پہلی بار مقامی سطح پر ریبیز ویکسین تیار

RabDOW کے نام سے ویکسین کی ابتدائی نام خوراکیں 2024 میں تیار کی گئیں

کراچی (این این آئی) پاکستان میں پہلی بار مقامی سطح پر ڈاؤ یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کی جانب سے ریبیز کی ویکسین تیار کرلی گئی ہے۔ ڈاؤ یونیورسٹی نے مقامی طور پر تیار شدہ انسانی ویکسین سے ابھی فی الحال مستقبل میں اس کے کلینیکل ٹرائلز کے لیے کی منظوری پر مبنی چھر تیار کیے جائیں گے۔ تصیلات کے (بقیہ نمبر 5 0)

حق دو عوام کو

جماعت

لاہور: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن منصورہ میں پریس کانفرنس کررہے ہیں

پراپرٹی ٹیکس چوری کی اطلاع دینے والوں کو انعام ملے گا

پراپرٹی ٹیکس ترمیمی بل 2025 منظور، ٹیکس چوری، بدعنوانی، کرپشن کی اطلاع دینے والا وسل بلوور کہلائے گا

محکمہ ایکسائز و ٹیکسیشن افسران کو بھی ٹیکس چوری پکڑنے پر انعام ملے گا، انعامی رقم جرمانے سے ادا کی جائیگی

لاہور (این این آئی) پنجاب میں پراپرٹی ٹیکس چوری کی اطلاع پر انعام ملے گا، پنجاب اسمبلی کی قائمہ کمیٹی نے پنجاب اربن امووبل پراپرٹی ٹیکس ایکٹ 1958 میں وسل بلوور سے متعلق بڑی ترمیم منظور کرنے جانے سے منظور کر لی۔ بل کے مطابق پراپرٹی ٹیکس چوری کی اطلاع دینے والے شہریوں کو انعام دیا جائے گا، مخبر پراپرٹی ٹیکس چوری کی ایکسائز افسر کو بتائے گا تو اسے بھی کارگر ثابت ہوا تو انعامی رقم دی جائے گی۔ ٹیکس چوری، بدعنوانی یا کرپشن کی اطلاع دینے والا شخص "وسل بلوور (بقیہ نمبر 4 8)

پاکستان میں ایرانی سفیر انتہائی مطلوب افراد کی فہرست میں شامل

ایف بی آئی ایجنٹ رابرٹ ایے باب لیونس کے اغواء میں ملوث تھے، امریکہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے وفاقی تفتیشی ادارے (ایف بی آئی) نے پاکستان میں ایران کے سفیر رضا امیری مقدم کو انتہائی مطلوب افراد کی فہرست میں شامل کر لیا ہے، ان پر الزام ہے کہ 2007 میں ریٹائرڈ ایف بی آئی ایجنٹ رابرٹ ایے باب لیونس کے اغواء میں ملوث تھے۔ ایف بی آئی ایجنٹ رابرٹ ایے باب لیونس 2007 میں ایران کے جزیرہ کیش سے لاپتا ہوگئے تھے۔ گزشتہ روز شام ایف بی آئی کے واشنگٹن ڈیلٹا فس نے ایسے پوسٹر جاری کیے جن میں ایران کے 3 اعلیٰ انٹیلی جنس افسران کی شناخت کی گئی، جن پر باب لیونس کی گمشدگی اور تہران کی اس میں مبینہ شمولیت کو چھپانے کی کوششوں میں کلیدی کردار ادا کرنے کا الزام ہے۔ رضا امیری مقدم، (بقیہ نمبر 4 7)

ترقی کے اہل افسر کو ریٹائرمنٹ کے بعد بھی پروموشن دی جاسکتی ہے

ترقی سے متعلق فیصلہ شفاف اور بروقت کیے جائیں، عدالت عظمیٰ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے سرکاری ملازمین کی ترقی سے متعلق کیس میں ریمارکس دیتے ہوئے کہا ہے کہ ترقی ہر سرکاری ملازم کا بنیادی حق ہے، ترقی کے اہل افسر کو ریٹائرمنٹ کے بعد بھی پروموشن دی جاسکتی ہے۔ تصیلات کیم طالق سپریم کورٹ نے سرکاری ملازمین کی ترقی سے متعلق کیس کا فیصلہ جاری کرتے ہوئے قرار دیا کہ ہر سرکاری ملازم کو پروٹوکول پر پروموشن کے لیے زیر غور لایا جانا اس کا بنیادی حق ہے۔ عدالت نے سندھ ہائی کورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دے کر اپیل پر ہدایت کی کہ وہ درخواست (بقیہ نمبر 3 6)

بارش کے باعث چھتیں گرنے سے 7 افراد جاں بحق

خستہ حال عمارت بیٹھ گئی، چھ افراد زخمی ہوگئے، مرنے والوں میں دو بہنیں شامل

راجووال (این این آئی) حالیہ بارشوں کے باعث مختلف علاقوں میں المسوناک واقعات پیش آئے جن میں چھتیں اور عمارتیں گرنے سے 7 افراد جاں بحق جبکہ شدید زخمی ہو گئے۔ نواحی گاؤں 25 نوآز میں کھر کی چھت گرنے سے 40 سالہ اللہ دتہ ولد سلیمان موچ کی جاں بحق ہوگیا۔ کمبر روڈ 52 5L پر ایک اور واقعے میں بارش کے باعث کھر کی چھت گرنے سے 12 سالہ حبیب اللہ جان کی بازی ہار گیا جبکہ اس کے (بقیہ نمبر 3 7)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

E-Commerce Website
Price: 6000/-

Call / Whatsapp
0309-7900035